کنٹرولر امتحانات سکولز

آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

آفس نمبر 05827-960004
05827-960038

نمبر: بورڈ/ ثانوی امتحانات/ 2098-2113
تاریخ اجرائیگی 28-2-24

﴾پریس ریلیز﴿

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لیے مکرر مشتہر کیا جاتا ہے کہ امتحان ثانوی فرسٹ اینول **2024**ء کا آغاز انشاء اللہ مورخہ **05** مارچ **2024**ء بروز منگل سے ہو رہا ہے۔ اس سلسلہ میں **Online** سسٹم کے تحت ریگولر/ پرائیویٹ اُمیدواران کی رول نمبر سلپس بورڈ کی ویب سائیٹ **www.ajkbise.net** یا **www.ajkbise.edu.pk** سے **Download** کرنے کی سہولت مورخہ **23** فروری **2024**ء سے دی جا چکی ہے۔ پرائیویٹ اُمیدواران اپنی رول نمبر سلپس بورڈ کی ویب سائیٹ سے شناختی کارڈ نمبر یا اپنے ایپ نمبر **(جو کہ اُمیدواران کے فیس چالان پر درج ہے)** کی مدد سے **Download** کر کے پرنٹ حاصل کر سکیں گے جبکہ ریگولر اُمیدواران کی رول نمبر سلپس ادارہ جات کے **Login Panel** میں دستیاب ہوں گی۔ اُمیدواران رول نمبر سلپس کا پرنٹ حاصل کرنے کے بعد سلپ پر درج کوائف **(جس میں نام، ولدیت، امتحانی مرکز، مضامین، تصویر، وقت)** وغیرہ کی پڑتال کر لیں۔ کسی بھی غلطی کی صورت میں راقم **(کنٹرولر امتحانات سکولز)** کے فون نمبر **05827-960004** اور شعبہ کمپیوٹر کے فون نمبر **05827-960070-71** پر رابطہ کرتے ہوئے مطلوبہ درستی کروائیں۔ ناظم/ ناظمہ امتحانات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اگر کسی وجہ سے کوئی بچہ اپنی رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ نہیں کر سکا **(Record not Found)** کی صورت میں اصل چالان ہمراہ فارم داخلہ کی ہارڈ کاپی پیش کر کے شامل امتحان ہو سکتا ہے۔ اس صورت میں ناظم/ ناظمہ مرکز فوری طور پر کیس مرتب کر کے دفتر کو ارسال کرنے کا پابند ہوگا/ گی۔

28.02.24

(راجا طلعت اسلم)
کنٹرولر امتحانات سکولز

نقل بالا بخدمت:

1۔ پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔
2۔ جناب سیکرٹری بورڈ۔
3۔ سیکریسی آفیسر بورڈ بغرض کارروائی۔
4۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور برائے اشاعت بطور خبر در قومی اخبارات۔
5۔ سسٹم انالسٹ صاحبہ بورڈ ہذا بغرض کارروائی Upload بطور خبر۔
6۔ پروگرام منیجر صاحب بورڈ ہذا۔
7۔ ڈیٹا سپروائزر شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔
8۔ ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/ تراڑکھل/ میرپور۔
9۔ انچارج صاحبان علاقائی دفاتر مظفرآباد/ راولاکوٹ۔
10۔ آفس ریکارڈ/ مسل متعلقہ/ نوٹس بورڈ۔